جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کے سہ ماہی امتحانات

اس سال بھی حسب معمول اور حسب سابق ماہ صفر کے پہلے ہفتہ میں دارالعلوم کے سہ ماہی امتحانات نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی زیرنگرانی اور زیرسرپرستی منعقد ہوئے جو کہ چار دن جاری رہے اور بخیروخوبی اختتام پذیر ہوئے۔امتحانی پرچوں کے لئے صبح اور ظہر کا وقت دیا گیا تھا۔اگرچہ ملک کے بیشتر دینی مدارس میں سہ ماہی امتحانات کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے لیکن حضرت مہتمم صاحب کے ارشاد کے مطابق طلبہ کی علمی استعداد کو جانچنے کے لئے دارالعلوم حقانیہ میں ان امتحانات کا مستقل اہتمام کیا جاتا ہے۔

واردین وصادرین

گزشتہ دنوں پشاور ملین مارچ کے موقع پر متحدہ مجلس عمل کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی دارالعلوم تشریف لائے اور یہاں پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ساتھ ملاقات کی اور ملک کی سیاسی صورتحال کے بارے میں تبادلہ خیال کیا' متحدہ مجلس عمل کے سیکرٹری جنرل اور جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان صاحب دارالعلوم تشریف لائے۔دارالعلوم کی جامع مسجد میں طلبہ سے خطاب کیا' بعدازاں یہاں سے حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدیر الحق مولانا راشد الحق' مولانا یوسف شاہ سمیت حضرت مولانا گوہر رحمانؒ کے جنازہ میں شرکت کے لئے مردان تشریف لے گئے۔

علاوہ ازیں وفاقی وزیر صحت جناب نصیر احمد خان صاحب بھی مولانا سمیع الحق صاحب کے ساتھ ملاقات کے لئے تشریف لائے اور ان سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔اس کے علاوہ حضرت مولانا قاضی عبداللطیف صاحب' ڈپٹی اسپیکر اکرام اللہ شاہد' صوبہ سرحد کے وزیر آبپاشی مولانا حافظ اختر علی' صوبہ بلوچستان کے سینئر منسٹر مولانا عبدالواسع صاحب بھی تشریف لائے۔

دعائے مغفرت:

دارالعلوم کے مخلص مولانا حافظ طاہر محمود اشرفی مشیر مذہبی امور صوبہ پنجاب کے سسر ڈاکٹر محمد اقبال کا گزشتہ دنوں انتقال ہوا۔مرحوم خواجہ عبدالمالک نقشبندی اور مولانا دوست محمد قریشیؒ کے خلیفہ تھے۔قارئین سے ان کے لئے دعائے رفع درجات اور دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔ادارہ ان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔